MS EDUCATION ACADEMY™

*Preparing World Worthy Individuals*

# اپنا شہر

چھارشنبہ یکم / مئی 2019ء

## ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کی جانب سے حیدرآباد کے پہلے ایڈ۔ٹیک بزنس انکوبیٹر کا آغاز

حیدرآباد ۔ 30 اپریل (پریس نوٹ) ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کی جانب سے آج حیدرآباد کے پہلے ایجوکیشن ٹکنالوجی بزنس انکوبیٹر Edv eaturepark کا آغاز کیا گیا۔ مسٹر جیش رنجن آئی اے ایس پرنسپل سکریٹری، آئی ٹی ای اینڈ سی، حکومت تلنگانہ اس ایونٹ کے مہمان خصوصی تھے جنہوں نے حیدرآباد کے پہلے ایجوکیشن ٹکنالوجی فوکسڈ انکوبیٹر کا افتتاح کیا۔ ایک ایجوکیشن ٹکنالوجی فوکسڈ انکوبیٹر شروع کرنے پر ایم ایس کے اقدام کی حکومت کی طرف سے کوئی بھی مدد فراہم کرتے ہوئے ہمیں خوشی ہوگی''۔ اس موقع پر مخاطب کرتے ہوئے محمد عبداللطیف خان، چیرمین ایم ایس گروپ آف انسٹی ٹیوشنس نے کہا کہ ''ایڈ وینچر پارک کے ذریعہ ایم ایس معیاری تعلیم کو آسان، قابل رسا اور موثر بنانا چاہتا ہے''۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ ٹکنالوجی اور انسانی صلاحیتوں کے ذریعہ ہم تعلیم میں ایک اہم تبدیلی لاسکتے ہیں۔ ڈاکٹر سید مصباح الدین، ڈائرکٹر ایم ایس




ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کی جانب سے شروع کئے گئے حیدرآباد کے پہلے ایجوکیشن ٹکنالوجی بزنس انکوبیٹر Edv enturepark کی افتتاحی تقریب کے موقع پر بائیں سے: سید مصباح الدین (ڈائرکٹر ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی)، مسز نزہت خان (وائس چیرپرسن ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی)، محمد عبداللطیف خان (چیرمین ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی)، معراج، اسوسی ایٹ آف ایڈ وینچر پارک)، جیش رنجن آئی اے ایس (پرنسپل سکریٹری) انور احمد مینجنگ ڈائرکٹر ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی دیکھے جاسکتے ہیں۔

Published in Siasat Urdu Daily
on Wednesday, May 1, 2019

# ریاست میں آئی ٹی کا بڑے پیمانے پر فروغ: جیش رنجن

## ایم ایس اکیڈیمی کے ایجوکیشن انکو بیٹر ایڈ وینچر پارک کا افتتاح




حیدرآباد۔ 30اپریل (منصف نیوز بیورو) پرنسپل سکریٹری انفارمیشن ٹکنالوجی حکومت تلنگانہ جیش رنجن نے کہا کہ حکومت کی جانب سے انفارمیشن ٹکنالوجی کو بڑے پیمانے پر فروغ دیا جارہا ہے۔ آج ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کی جانب سے قائم کردہ ملک بھر میں اپنی نوعیت کے پہلے ایجوکیشن ٹکنالوجی انکو بیٹر ایڈ وینچر پارک کا آغاز کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کی کاوشوں کی وجہ سے ریاست میں ابھرتے آئی ٹی انٹر پریزس کو اپنی صلاحیتوں سے استفادہ کرنے کا موقع حاصل ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کبھی ریاست میں صرف ایک آئی ٹی انکوبیٹر ہوا کرتا تھا مگر موجودہ طور پر ریاست میں 45انکوبیٹرس قائم ہیں جہاں اختراعی سوچ کے حامل افراد کو اپنی سوچ' نظریات کو عملی جامہ پہنانے اور سماج اور ملک کی خدمت کرنے کا موقع حاصل ہورہا ہے۔ جیش رنجن نے ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کی جانب سے شعبہ تعلیم کے لئے مخصوص انکوبیٹر قائم کرنے کے فیصلہ کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ انکوبیٹر میں اسٹارٹ اپس کے لئے بہترین افراد کا انتخاب کریں۔ ایسے افراد کو مواقع فراہم کریں جن میں کچھ کرنے کا جنوں ہو۔ انتخابی عمل کو سخت ترین رکھیں' اسٹارٹ اپس کو کامیاب بنانے کے لئے مختلف تعلیمی اداروں کے ساتھ اشتراک کریں۔ انسٹی ٹیوٹ آف ایکسیلنس کے ساتھ یادداشت مفاہمت کریں۔ کارپوریٹ اداروں کے ساتھ اشتراک کریں۔ اس کے علاوہ خاتون انٹر پریزس کی بھی حوصلہ افزائی کریں۔ جیش رنجن نے کہا کہ ہر اسٹارٹ اپ کا مقصد یہ ہونا چاہئے کہ ''نظریہ کے ساتھ داخل ہوں اور پراڈکٹ کے ساتھ واپس جائیں''اس مقصد کو حاصل کرنے آپ کو دستیاب وسائل سے استفادہ کرنا ہوگا۔ اپنے پاس موجود مواد کو اسٹارٹ اپس کے لئے فراہم کریں' مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑیں۔ جیش رنجن نے تیقن دیا کہ حکومت کی جانب سے ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی قائم کردہ ایڈ وینچر پارک کی کامیابی کے لئے ممکنہ تعاون کریں گی۔ صدرنشین ایم ایس ایجوکیشن سوسائٹی محمد لطیف خان نے کہا کہ ایم ایس اداروں کی تاریخ سخت محنت اور کامیابیوں پر مشتمل ہے اور اسی تجربہ سے استفادہ کرتے ہوئے ایڈ وینچر پارک کو اس شعبہ میں سب سے بہترین انکوبیٹر میں تبدیل کردیا جائے گا۔ اس تقریب سے ڈائرکٹر ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی مصباح سید اور انور نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر سینئر ڈائرکٹر ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی معظم حسین' نائب صدرنشین اکیڈیمی محترمہ نزہت ودیگر موجود تھے۔

Published in Munsif Urdu Daily
on Wednesday, May 1, 2019

# ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کے پہلے بزنس انکیوبیٹر کا آغاز




حیدرآباد۔30۔اپریل (پریس نوٹ) ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی نے آج حیدرآباد کے اولین ایجوکیشن ٹکنالوجی بزنس انکیوبیٹر کی شروعات کی۔ مسٹر جیش رنجن آئی اے ایس پرنسپال سکریٹری آئی ٹی ای اینڈ سی حکومت ریاست تلنگانہ نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کرتے ہوئے حیدرآباد کے پہلے ایجوکیشن ٹکنالوجی انکیوبیٹر کا افتتاح کیا۔ ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کی جانب سے انکیوبر ٹکنالوجی کے استعمال کی ستائش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سے ادارے کے منفرد مائنڈ سیٹ اور صاف دلی کا اظہار ہوتا ہے۔اس انکیوبیٹر سے میں اچھے نتائج جاننے کیلئے بے چین ہوں۔انہوں نے اس اقدام کی کامیابی کیلئے مشورے دیئے اور انتخاب کے عمل میں نہایت احتیاط برتنے اور اقربا پروری کی حوصلہ شکنی کی تجویز پیش کی۔انہوں نے سرکاری ایجنسیز سے تال میل کی تجویز کے ساتھ کہا اگر حکومت کی طرف سے کسی تعاون کی ضرورت ہو تو ہم اس میں پہل کرتے ہوئے خوش ہوں گے۔چیرمین ایم ایس گروپ آف انسٹی ٹیوشنس محمد عبداللطیف خان نے کہا ایڈوینچر پارک کے ذریعہ ایم ایس معیاری تعلیم کو آسان' قابل دسترس اور موثر بنانے کا خواہاں ہیں۔تعلیم کے معیار کو اختراعی بنانے کیلئے اس ٹکنالوجی کی ضرورت ہے۔تعلیم کے میدان میں ایڈوینچر پارک تکنیکی مہارت' کوورکنگ اسپیس' مینٹر شپ سپورٹ فراہم کرے گا۔ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کی جانب سے 1991 سے پلے گروپ اور کے جی تا یو جی معیاری تعلیم کا انتظام کیا گیا ہے۔ایم ایس کے تلنگانہ' آندھراپردیش' دہلی' مہاراشٹرا' گجرات' اترپردیش' اترکھنڈ' ٹاملناڈو اور مغربی بنگال میں 91 برانچس ہیں جہاں پر 30 ہزار سے زائد طلبہ نے اپنے نام درج کرائے ہیں۔ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کی جانب سے بنیادی سطح سے بہتر متوازن تعلیم پر کام کیا جاتا ہے جس سے اقدار کو اپنانے کا موقع ملتا ہے۔ایم ایس میں طلبہ کو ہر امتحان کے پیش نظر میں مسابقت' مسابقت کا جذبہ' قائدانہ صلاحیتیں اور کارنامہ انجام دینے کے قابل بنایا جاتا ہے۔ایجوکیشن ٹکنالوجی بزنس انکیوبیٹر کے افتتاح کے موقع پر جناب سید مصباح الدین ڈائرکٹر ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی' محترمہ نزہت خان وائس چیرپرسن ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی' جناب محمد عبداللطیف خان چیرمین ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی' معراج ایڈوینچر پارک کے معاون' انور احمد مینجنگ ڈائرکٹر ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی موجود تھے۔

Published in Etemaad Urdu Daily
on Wednesday, May 1, 2019